Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

StudentBounty.com

73

اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 20منٹ

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف /ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد کس سال ڈالی؟

الف۔ 1885ء ب۔ 1886ء ج۔ 1887ء د۔ 1785ء

(ii) مسلم لیگ کے بانی کون تھے؟

الف۔ نواب وقارالملک ب۔ محمد علی جوہر ج۔ سر سید احمد خاں د۔ علامہ اقبالؒ

(iii) مولانا محمد علی جوہرؒ اور مولانا شوکت علیؒ کی رہنمائی میں کون سی تحریک شروع ہوئی؟

الف۔ تحریک شدھی ب۔ تحریک خلافت ج۔ تحریک پاکستان د۔ تحریک ہندوستان

(iv) قراردادِ پاکستان کہاں منظور ہوئی؟

الف۔ لاہور ب۔ کراچی ج۔ اسلام آباد د۔ حیدر آباد

(v) پاکستان قائم کرنے کا فیصلہ ہندوؤں کو بہت __________ گزرا۔

الف۔ خوشگوار ب۔ ناگوار ج۔ ناپسند د۔ خوش کن

(vi) سب سامان خان صاحب نے باہر لا کر پلنگ کے __________ رکھ دیا۔

الف۔ سامنے ب۔ آگے ج۔ روبرو د۔ ساتھ

(vii) ہمارے حق میں تو یہ لڑکا کیا ہے __________ کا فرشتہ ہے۔

الف۔ اللہ ب۔ جنت ج۔ آسمان د۔ رحمت

(viii) __________ روپے کی بھی کچھ حقیقت تھی مگر اس نے مجھ کو سیکڑوں ، ہزاروں ہی دعائیں دی ہوں گی۔

الف۔ پانچ ب۔ چار ج۔ چھ د۔ سات

(ix) رضیہ اور محسن دونوں بہن بھائیوں کی شادی ساتھ ساتھ __________۔

الف۔ ٹھہری ب۔ ہونا تھی ج۔ مقرر ہوئی د۔ ہوئی

(x) پہلے منظر میں فاطمہ بنتِ عبداللہ کیا صاف کر رہی تھی؟

الف۔ برتن ب۔ بندوقیں ج۔ تلواریں د۔ دیگر اسباب

(xi) دنیا کے سارے مسلمان آپس میں __________ ہیں۔

الف۔ عزیز ب۔ رشتہ دار ج۔ بھائی بھائی د۔ دوست

(xii) مچھرو! تم کہاں ہو؟ __________ لوٹ آؤ۔

الف۔ اپنے آپ ب۔ چپ چاپ ج۔ خاموشی سے د۔ فوراً

(xiii) صاحب بہادر کے ہاتھ میں موٹی سی انگریزی __________ کی کتاب تھی۔

الف۔ آداب مجلس ب۔ افسانوں ج۔ لٹریچر د۔ ڈراموں

(xiv) الٰہی! میرے بچوں کی __________ تیرے ہاتھ ہے۔ (بحوالہ سبق ---- کرکٹ)

الف۔ عزت ب۔ آبرو ج۔ کامیابی د۔ لاج

(xv) جس کو دیکھو قوم کے لیے __________ قربان کرنے پر تُلا ہے۔

الف۔ جان ب۔ زندگی ج۔ عزت د۔ دولت

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: [ ]

StudentBounty.com

اُردو (لازمی) ایس ایس سی -II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے   کُل نمبر حصہ دوم اورسوم 60

حصہ دوم (کُل نمبر 40)

سوال نمبر۲: **مندرجہ ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:** (5x2=10)

(i) پاکستان کومضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

(ii) مسلم لیگ کی بنیاد کب رکھی گئی؟

(iii) کیا آپ ابن انشا کی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ چیز کو دیکھنا چاہیے، نیت کو نہیں؟

(iv) صاحب بہادر نے اثنائے سفر میں کیا تناول کیا اور ان کا بھانڈا کیسے پھوٹا؟

(v) محمد احسن تحصیلدار کے کتنے بچے تھے؟ اوران کے نام کیا تھے؟

(vi) مصنّف کے خیال میں مچھروں کے پالنے میں کس کا ہاتھ ہوسکتا ہے؟

(vii) تحفہ لے کر شکریہ ادا کرنے کے جاپانیوں میں کیا آداب ہیں؟

(viii) رضیہ نے اپنی امی کے نام خط میں کیا لکھا؟

سوال نمبر۳: **مندرجہ ذیل کی تعریف کیجیے:** (5x2=10)

(i) اسم صفت   (ii) کلمہ   (iii) اسم موصوف

(iv) حرف جار   (v) اسم نکرہ

سوال نمبر۴: **مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے جوابات تفصیلاً تحریر کیجیے:** (2x5=10)

(i) کسی کو دینے کے لیے تحفہ خریدیں تو کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟

(ii) کرکٹ کھیلنے سے کیا خرابیاں پیدا ہوتی ہیں؟

(iii) غازی اور شہید میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر۵: الف: **مندرجہ ذیل جملوں کو منفی جملوں میں تبدیل کیجیے:** (5)

(i) بچے باغ میں ہیں۔   (ii) میرا رنگ گورا ہے۔

(iii) آج بہت گرمی ہے۔   (iv) جمعہ کو چھٹی ہوتی ہے۔

(v) کراچی خوبصورت شہر ہے۔

ب: **مندرجہ ذیل جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کیجیے:** (5)

(i) تم رو رہے ہو۔   (ii) اخبار میں اچھی خبر آئی ہے۔

(iii) صبح سویرے اٹھنا اچھی عادت ہے۔   (iv) صبح کی سیر صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔

(v) آج موسم خوشگوار ہے۔

حصہ سوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۶: **مندرجہ ذیل میں کسی ایک کا خلاصہ لکھیے:** (10)

(i) محسنِ انسانیت   (ii) ایثار

سوال نمبر۷: **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے:** (10)

(i) ہمارا سکول   (ii) قائداعظمؒ